© rasailojaraid.com



بیگم خدیجہ حکیم

# رفیقِ زندگی کی یاد میں

یہ اس انسان کی قابلِ رشک زندگی کے چند پہلو ہیں جو واقعی اسم بامسمّٰی تھا اور جس کے حکیمانہ اندازِ فکر و زیست کو میں نے ایک رفیقۂ حیات کی حیثیت سے دیکھا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر میں اپنے تجربہ کی بنا پر حکیم صاحب کی زندگی پر مجموعی طور سے روشنی ڈالوں تو اس طرح ان کی گھریلو زندگی کی خصوصیات بھی نمایاں ہو سکتی ہیں کیونکہ وہ ان انسانوں میں سے تھے جن کی پوری زندگی خاص خاص اصولوں اور فلسفۂ حیات کی پابند ہوتی ہے۔ ان کا رویہ اور اخلاق کچھ ایسا ہمہ گیر تھا کہ نہ صرف گھر والے اور دوست احباب بلکہ نوکر چاکر، امیر غریب، اپنے پرائے اور ہر وہ شخص جس کا کہ ان سے ذرا بھی واسطہ رہ چکا ہو اس کی گواہی دے سکتا ہے۔ ان کا انداز گھر والوں اور باہر والوں دونوں کی نسبت کافی حد تک یکساں تھا۔ لیکن باوجود اس یکسانیت کے ان کے بیوی بچوں، قریبی عزیزوں اور مخلص دوستوں سے ان کا گہرا جذباتی تعلق بھی تھا اور ان کے دل میں ان کی بے حد قدر تھی۔ انتہائی علم دوستی کے باوجود وہ محض خشک فلسفی نہ تھے بلکہ زندگی اس طرح گزارتے تھے کہ اس کی نعمتوں اور خوشیوں سے محظوظ ہوتے تھے اور کیوں نہ ہوتے جب کہ یہ خوشیاں انہیں اپنے اخلاص کے صلے میں ملتی تھیں۔ وہ جب بھی کسی سے ملتے تو اس کو اپنی شیریں بیانی اور خلوص سے اپنا گرویدہ بنا لیتے اور اگر ان سے کسی ذاتی یا علمی مسئلہ پر رائے مانگی جاتی تو بڑی خوشی سے اظہارِ خیال کرتے اور بیشتر اوقات ان کی رائے درست ثابت ہوتی کیونکہ ان کی نگاہ اپنے وسیع مطالعے اور ذاتی تجربہ کی بنا پر خاصی عمیق تھی۔ وہ محض خیالی دنیا میں پرواز کے عادی نہ تھے بلکہ زندگی کی مختلف کیفیات اور تعلقات میں شرکت کیا کرتے تھے لیکن حسبِ عادت روزمرہ کے حالات اور واقعات پر بھی ایک فلسفیانہ سی نگاہ ڈالتے اور اپنے تبصرہ میں گھر والوں کو بھی شامل کیا کرتے۔ اور پھر ان کے خیالات کا تسلسل انہیں کہیں سے کہیں پہنچا دیتا۔ لطیفوں، چٹکلوں اور اشعار و حکایات اور دلچسپ و کارآمد معلومات کا ایک بے پناہ ذخیرہ ان کے ہاں موجود تھا۔ اور وہ اپنی مخصوص ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ گفتگو کرتے چلے جاتے۔ انہیں دلچسپ و سبق آموز گفتگو کرنے کا خاص سلیقہ اور ملکہ حاصل تھا۔ بڑے سے بڑے مجمع کو مخاطب کرتے ہوئے انہیں پل بھر کی بھی جھجک یا ہچکچاہٹ محسوس نہ ہوتی اور ہر موضوع اور ہر زبان میں خواہ اردو ہو یا انگریزی، فارسی ہو یا پنجابی وہ ایسی دلچسپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تقریر کرتے کہ سامعین میں سے کسی کا بھی اکتا جانا ممکن نہ تھا۔ تقریر کی یہ صلاحیت ان میں بچپن ہی سے موجود تھی۔ وہ کہا کرتے تھے کہ انجمن حمایت اسلام کا ایک اجلاس تھا جس میں انہوں نے بے دھڑک ایک نظم اس عمر میں سنائی تھی جبکہ ان کا قد صرف اتنا تھا کہ وہ میز کی آڑ میں چھپ گئے تھے۔ لہذا ان کو میز کے اوپر کھڑا کر دیا گیا، تاکہ سامعین ان کو اچھی طرح سے دیکھ سکیں۔ تقریر میں ملکہ حاصل ہونے کی ایک اور ابتدائی مثال اس زمانے کی جب کہ وہ فرسٹ ایئر میں پڑھتے تھے۔ فی البدیہہ تقریر کرنے کا ایک مقابلہ ہوا جس میں ایم۔ اے تک کے طلباء نے حصہ لیا۔ حکیم صاحب ابھی فرسٹ ایئر میں، علی گڑھ ایم۔ اے۔ او کالج میں داخل ہی ہوئے تھے لیکن وہ بھی اس مقابلے میں شریک ہوئے۔ اور (THE EFFECT OF SURROUNDINGS ON CHARACTER) کے موضوع پر پانچ منٹ کی تیاری سے دس منٹ کی تقریر کرکے اول انعام حاصل کیا۔ اور کالج بھر میں دھوم مچ گئی۔

مطالعہ کا شوق حکیم صاحب کو شروع ہی سے تھا۔ ابتدائی جماعتوں سے لے کر پی ایچ۔ ڈی تک تعلیم کی مختلف منازل میں ہمیشہ اپنے ساتھیوں پر نمایاں سبقت لے جایا کرتے تھے۔ اور متعدد تعلیمی اعزاز، تمغے اور آنریری ڈگریاں حاصل کرتے رہے۔ اس کی وجہ ایک تو یہ تھی کہ خدا نے غیر معمولی ذہانت بھی بخشی تھی اور فلسفہ، نفسیات اور ادبیات کی جانب ایک خاص قسم کا فطری میلان بھی تھا۔ جسے خود انہوں نے اور ان کے اساتذہ نے بہت جلد محسوس کر لیا۔ خوش قسمتی سے پیشہ بھی ایسا اختیار کیا جس میں اس طبعی دلچسپی کی افزائش کا کافی موقع ملتا رہا۔ جس کا نتیجہ یہ تھا کہ ان کے پیشے اور ان کی فطری دلچسپی میں کوئی فرق نہیں رہا تھا۔ انہیں جس وقت بھی موقع ملتا وہ کسی نہ کسی نئی کتاب کے مطالعہ میں مصروف ہو جاتے اور اگر کوئی دوست یا گھر والوں میں سے کوئی شخص اس موضوع کو چھیڑ دیتا تو بڑے شوق سے گفتگو جاری کر دیتے۔ وہ اکثر یہی کہا کرتے کہ جب میں کسی عالم فاضل کی کتاب کا مطالعہ کرتا ہوں تو گویا ایک غیر معمولی قسم کی صحبت میں ہوتا ہوں جو کہ ایک عام صحبت پر قابل ترجیح ہوتی ہے۔ وہ مروجہ قسم کی ملاقاتوں اور دعوتوں سے عموماً گریز کرتے تھے کیونکہ ایسی ملاقات میں عموماً سطحی قسم کی گفتگو اور معمولی ماحول ہوتا ہے لیکن اگر انہیں اپنے ہم مذاق لوگوں کی صحبت کہیں مل جاتی تو بے اندازہ خوشی حاصل ہوتی اور پھر اپنے رنگ میں آکر محفل سجا دیتے اور روتوں کو ہنسا دیتے۔ پژمردگی کو زندہ دلی میں تبدیل کرتے اور سننے والے کے دل میں ایک نئی دنیا بسا دیتے۔ خود ان کا نظریۂ حیات کچھ ایسا تھا کہ وہ رجائی اور روشن پہلو دیکھتے تھے۔ یہ شعر اکثر پڑھا کرتے،

کارسازِ ما بفکرِ کارِ ما ست
فکرِ ما در کارِ ما آزارِ ما ست

حکیم صاحب نے ہمیشہ اپنے آپ کو اپنی زندگی سے مطمئن پایا اور ہمیشہ خدا کا شکر ادا کیا کہ اس نے ان کی زندگی کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہر بنیادی ضرورت ہمیشہ پوری کی اور صحت، علم، عزت اور مناسب حد تک دولت بھی عطا فرمائی۔ قناعت پسندی بھی ان میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ لہٰذا کبھی روپے پیسے کی خاطر یا عہدے کی خاطر انہوں نے اپنی پسندیدہ زندگی کو قربان نہ کیا۔ ایسے متعدد موقعے آئے جب کہ ان کے سامنے دونوں راستے کھلے تھے۔ لیکن انہوں نے اسی راستے کو اختیار کیا جس کے متعلق ان کا یہ خیال تھا کہ وہ ان کے لیے زیادہ موزوں ہے اور وہ اپنے جوہر کو نمایاں کر کے ملک اور قوم کی بہتر خدمت انجام دے سکتے ہیں۔ اگرچہ اس فیصلہ سے انہیں مالی نقصان بھی ہوا لیکن ان کے نزدیک زندگی کی اور بہت سی قدریں مالی فائدہ کی نسبت زیادہ قابلِ قبول تھیں۔ ان کا خیال تھا کہ انسان کو اپنی ضروریات سادہ اور مختصر رکھنی چاہیئے تاکہ وہ اپنے آپ کو بیکار الجھاؤ میں پھنسا کر زندگی کی بلند تر قدروں کو حاصل کرنے سے محروم نہ رہ جائے اور مادی خواہشات اس کی شخصیت پر حاوی نہ ہو جائیں۔ مولانا روم کی روپیہ کے متعلق وہ مثال انہیں بہت پسند تھی جس میں کہ ایک شخص نے مولانا سے سوال کیا کہ کتنا روپیہ انسان کے پاس ہونا فائدہ مند ہے۔ مولانا نے فرمایا کہ اتنا ہی جتنا کہ کشتی کے لیے پانی کا ہونا ضروری ہے۔ اگر پانی ضرورت سے کم ہو تو کشتی کا چلنا محال ہو جائے گا اور اگر مقدار سے بہت بڑھ جائے تو اس کے اندر گھسنے کا اور ڈوب جانے کا خطرہ ہے۔ سو یہی حال روپیہ کا بھی ہے یہ نہ تو اتنا کم ہو کہ بنیادی ضروریات بھی پوری نہ ہو سکیں اور نہ اتنا زیادہ ہو کہ اس کے بوجھ کے نیچے انسانی شخصیت دب کر مادہ پرست بن جائے۔ روپیہ کو تو ذریعہ یا آلہ سمجھنا چاہیئے جس کی بدولت انسان کو زندگی کی بلند پایہ قدروں کو حاصل کرنے میں مدد ملے۔ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ جب کہ ہم سب حسب معمول گرما کی تعطیلات کشمیر میں گزارنے کے لیے گئے ہوئے تھے اور ان دنوں وہاں پر امر سنگھ ڈگری کالج کی پرنسپلی خالی تھی تو راجہ سر مہاراج سنگھ نے جو ان دنوں کشمیر اسٹیٹ کے وزیر اعظم تھے حکیم صاحب کو اس عہدے پر آنے کے لیے آمادہ کر لیا۔ گو کہ اس فیصلہ سے انہیں کئی سو روپیہ ماہوار کا مالی نقصان ہوتا تھا لیکن انہوں نے اپنے جدی وطن کی کشش، وہاں کے پر فضا موسم اور کشمیری برادران کی خدمت کو ترجیح دیتے ہوئے اس عہدے کو منظور کیا اور بعد میں کشمیر میں ناظم تعلیمات مقرر ہوئے۔

تقسیم ہند کے کچھ عرصہ بعد جب ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ پاکستان کی داغ بیل پڑی تو گویا کہ انہیں اپنا من پسند کام مل گیا۔ اور ساتھ ہی ساتھ ایک ایسا نصب العین سامنے نظر آنے لگا جو کہ نہایت قابلِ قدر بھی تھا اور ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے انتہائی موزوں بھی تھا۔ مذہب کا صحیح مفہوم واضح کرنا۔ فلسفہ اور مشرقی و مغربی علوم کی روشنی میں اسلامی تعلیمات کو منطبق کرنا اور ان تمام مسائل پر غور و فکر کرنا جن کو مذہبی احکام اور زمانے کے تقاضوں کے مطابق حل کرنا ضروری ہے۔ یہ مقاصد ان کے لیے قابلِ قدر نصب العین بن گئے اور وہ اپنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہم خیال ساتھیوں کی مدد سے ان کو حاصل کرنے کی کوشش میں مصروف ہو گئے۔ کاش خدا انہیں کچھ اور مہلت دیتا کہ وہ اس مفید کام کے نتائج کو اپنے سامنے مکمل ہوتے ہوئے دیکھتے جس کے لیے وہ آخر دم تک کام کرتے رہے۔ یہ ادارہ ان کو اس قدر عزیز تھا کہ جب انہیں پنجاب یونیورسٹی کی وائس چانسلری پیش کی گئی تو انہوں نے اس کو نامنظور کر دیا محض اس خیال سے کہ جو کام وہ ادارہ میں رہتے ہوئے انجام دے رہے تھے وہ نامکمل رہ جائے گا۔

ان تمام واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اچھی طرح یہ جانتے تھے کہ وہ کس میلان اور صلاحیتوں کے انسان ہیں اور کونسا کام ان کے لیے زیادہ موزوں ہو سکتا ہے۔ گھر میں بھی وہ اپنے لیے ہمیشہ ایک گوشۂ تنہائی بنا لیا کرتے تھے جہاں وہ مقررہ اوقات میں مطالعہ اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہتے تھے اور آرام بھی وہیں کیا کرتے تھے۔ گھر میں شور و غل اور نوکروں کے جھگڑوں سے کوسوں دور بھاگتے تھے کیونکہ ایک تو طبیعت صلح پسند تھی دوسرے دماغی کام کے لیے سکونِ قلب نہایت ضروری ہوتا ہے۔ اس لیے گھر میں سب کو اس بات کا لحاظ رکھنے کی تاکید کی جاتی تھی۔ ویسے جب بھی وہ اپنے علمی کام سے فارغ ہوتے تو گھر والوں سے اور خاص طور سے بچوں سے دلچسپ باتیں کر کے سب کا دل بہلاتے تھے۔ اپنے بچوں اور خاص کر نواسی سے اور عام طور پر سب بچوں سے انہیں بے حد لگاؤ تھا۔ وہ ان سے ہر کام پیار و محبت سے نکال لیا کرتے اور کہتے کہ زیادہ ڈانٹ ڈپٹ یا ڈر سے کام نکالنا غلط ہے۔ انہیں کچھ ڈھب بھی ایسا آتا تھا کہ زبردستی کام لینے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی تھی۔ بچوں کو بھی ان سے بے حد لگاؤ تھا اور وہ چاہتے تھے کہ ایک منٹ کے لیے بھی ان سے جدا نہ ہوں۔

حکیم صاحب کی زندگی کا اہم جز ان کی ظرافت و بذلہ سنجی تھی۔ حاضر جوابی کے لیے وہ اپنے احباب میں مشہور تھے اور ان ہی خواص سے ہر محفل کی جان بن جاتے تھے۔ ان کی ظرافت میں لطافت کی آمیزش بھی ہوتی تھی اور روانی بھی۔ شاعری سے بھی خاص شغف تھا اور ان کا اندازِ فکر بھی اچھوتا ہی تھا۔ زمانہ طالب علمی ہی سے شاعری میں اچھا خاصا بلند معیار انہوں نے حاصل کر لیا تھا۔ اور بعد میں بھی گاہے گاہے شاعری کی طرف توجہ کرتے رہتے تھے۔ گو کہ آخری زمانہ میں نثر ہی پر پوری طرح متوجہ رہے۔ غرض یہ کہ حکیم صاحب نے ایک قابلِ رشک زندگی گزاری اور اپنی ہمت، صلاحیت اور شوق سے وہ درجہ حاصل کیا جو کم لوگوں کو حاصل ہوتا ہے اور پھر ایک ایسا نظریۂ حیات اختیار کیا اور اس پر عمل پیرا بھی ہوئے جس کی مثال بہت کم پائی جاتی ہے۔ وہ سچے خدا پرست تھے۔ اور اس کے رسول صلعم سے گہری محبت و عقیدت رکھتے تھے۔ لیکن مذہب کے متعلق ان کا تصور نہایت وسیع تھا۔ اس لیے تنگ نظر اور جمود پسند عناصر سے اختلاف کرتے تھے۔ مذہب کے معاملے میں وہ بڑے روادار تھے۔ کسی عقیدے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کو زبردستی منوانے کے قائل نہ تھے۔ اسلام کے جو اصول دوسرے مذاہب میں بھی پائے جاتے ان کو غیر مسلموں پر واضح کر کے انہیں یہ ترغیب دیتے تھے۔ کہ ان کے اپنے مذہب اور اسلام میں جو تعلیمات مشترک ہیں ان کا غائر مطالعہ کریں اور صلح پسندی سے کام لیں۔

عورتوں کو اسلام نے بہت حقوق دیئے ہیں اور حکیم صاحب یہ چاہتے تھے مسلمان ان حقوق کا احترام کریں عورتوں کو ان کے جائز حقوق دینے اور سماج اور رواج کی بندشوں سے آزادی دلانے کی مہم میں حکیم صاحب نے نمایاں حصہ لیا۔ ان کی کوششوں کا ایک مفید نتیجہ عائلی کمیشن کی رپورٹ کی شکل میں نکلا۔ آج اگر وہ زندہ ہوتے تو یہ دیکھ کر کس قدر خوش ہوتے کہ انہی سفارشات کی بنیاد پر پاکستانی عورتوں کے حقوق کا منشور مرتب کیا جا رہا ہے۔

---

# سرگذشتِ غزالی

مولانا محمد حنیف ندوی

امام غزالی کی "المنقذ" کا اردو ترجمہ

امام غزالی نے اس میں اپنے فکری و نظری انقلاب کی نہایت دلچسپ داستان بیان کی ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح انہوں نے جبہ و عبا اور مسند و دستار کی زندگی چھوڑ کر گلیم و فقر کی روش اختیار کی ہے اور اپنے لیے تصوف کو بطور آخری نصب العین کے اختیار کیا ہے۔ فاضل مترجم نے اپنے مبسوط مقدمہ میں امام غزالی کی عظمت و اہلیت کو نکھار کر فکر و بصر کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

صفحات ۲۰۰۔ قیمت ۳ روپے

ملنے کا پتہ:

سیکریٹری ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور

© rasailojaraid.com